الیکشن کمیشن اور نوجوان ووٹرز: ایک سرسری جائزہ

تحریر۔۔۔ھارون شنواری

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے گزشتہ چند سالوں میں ووٹرز لسٹوں میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد شامل ہونے کے بعد ووٹرز ایجوکیشن اور سٹوڈنٹس آگاہی کے لئے نومبر 2021 سے چاروں صوبوں اور مرکزی سطح پر مختلف یونیورسٹیوں، کالجوں اور سکولوں میں طالب علموں کے ساتھ تعلیمی ورکشاپس کا ایک مستقل سلسلہ شروع کیا ہوا ہے۔ اجس میں طالب علموں (مرد ،خواتین) کے علاوہ اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اب تک پنجاب، خیبر پختونخوا بشمول قبائلی اضلاع، سندھ، بلوچستان اور اسلام آباد میں مختلف سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں 707 سٹوڈنٹس ورکشاپس کامیابی سے منعقد کرائی گئی ہیں۔ یہ سلسلہ مزید چلتا رہے گا۔ اس کا مقصد نوجوانوں میں بطور ذمہ دار شہری ایک اہم قومی فریضہ یعنی ووٹ رجسٹریشن اور حق رائے دہی کے استعمال کی اہمیت اجاگر کرنا اور انتخابی عمل میں شمولیت کو یقینی بنانا ھے۔۔ کیونکہ موجودہ انتخابی فہرستوں میں نوجوانوں کی تعداد کروڑوں میں ہے اور یہ ضروری ہے کہ ان میں ووٹ کی اہمیت اور اپنے اس قومی فرض کو نبھانے کے لئے نہ صرف شعور پیدا کیا جائے بلکہ ان کے ذریعے عوام کو بھی تمام اضلاع میں انتخابات سے متعلق آگاہی دی جاسکے تاکہ آنے والے انتخابات میں نہ صرف ووٹر ٹرن آوٹ (Turnout) بڑھایا جاسکے بلکہ معاشرے کے تمام محروم طبقات بالخصوص نوجوان طبقہ، خواتین، خواجہ سرا ،افراد باہمی معذوری، اقلیتی برادری اور دوسرے محروم طبقات کی آئندہ انتخابات میں شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ طالب علم رضاکارانہ پر ووٹر آگاہی مہم کو اپنے علاقے کے سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، اور اپنے آبائی علاقوں میں پہنچا رہے ہیں اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس رضاکارانہ قومی خدمت پر طالب علموں کو تعریفی اسناد دی جارہی ہیں۔ ووٹر آگاہی کے لئے پرنٹ شدہ مواد بھی انکو الیکشن کمیشن مہیا کررہا ہے جو یہ اپنے علاقوں میں تقسیم کررہے ہیں۔ ان سٹوڈنٹس ورکشاپس کو پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے ملک بھر میں کوریج بھی کی جاتی ہے۔ طالب علموں نے الیکشن کمیشن کی اس مہم میں بھرپور دلچسپی ظاہر کی ہے اور مختلف یونیورسٹیوں، کالجوں اور سکولوں کی طرف سے مزید سٹوڈنٹس ورکشاپس کے انعقاد کے لئے الیکشن کمیشن کو درخواست کی جارہی ہے۔ تمام ریجنل الیکشن کمشنر، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اور پبلک ریلیشن آفیسر اپنے اپنے ڈویژن اور ضلع میں طالب علموں کے ساتھ ووٹر آگاہی ورکشاپ میں کامیابی سے منعقد کروارہے ہیں۔ عوامی آگاہی اور طالب علموں کی توجہ حاصل کرنے کے لئے مرکزی، صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح پر منعقدہ تمام سٹوڈنٹس ورکشاپس کو مقامی میڈیا اور مرکز سے

بھرپور میڈیا کوریج دی جارہی ہے تاکہ نوجوانوں میں ووٹ کی اہمیت کواجاگر کیا جائے۔یہ سلسلہ آئندہ عام انتخابات تک جاری رہے گا۔

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان کی نگرانی میں الیکشن کمیشن نے اسلام آباد سیکرٹریٹ اور چاروں صوبوں میں الیکشن کمیشن کے سینئر افسران کو بطور یوتھ فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے جن کی تفصیل یوں ہے؛

1 ۔مس قرات العین فاطمہ،یوتھ فوکل پرسن الیکشن کمیشن اسلام آباد

2۔۔مس ہدا علی گوہر یوتھ فوکل پرسن پنجاب

3۔۔سردار نذر عباس یوتھ فوکل پرسن سندھ

4۔۔سہیل احمد،یوتھ فوکل پرسن خیبر پختونخوا

5۔۔نعیم احمد،یوتھ فوکل پرسن بلوچستان

ان تمام افسران کو نوجوانوں کو انتخابی دھارے میں شامل کرنے اور ان میں ووٹ رجسٹریشن اور ووٹ کے حق کو استعمال کرنے کے لئے راغب کرنے کے لئے اپنے متعلقہ صوبے اور مرکز میں ٹھوس اقدامات اٹھانے کی تحریری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

نیز الیکشن کمیشن کے میڈیا کوارڈینیشن اینڈ آوٹ ریچ ونگ کو نوجوانوں کو انتخابی دھارے میں شمولیت کو یقینی بنانے کے حوالے سے مرکز اور صوبوں میں مستقل ذمہ داریاں بھی تفویض کر دی گئی ہیں۔۔

اس کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن نے یوتھ ووٹر ایجوکیشن اور آگاہی پروگرام کو اپنے 5 سالہ سٹرٹیجک منصوبہ (2024_2028) میں بھی مستقل طور پر شامل کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے تاکہ مستقبل میں تمام نوجوانوں میں ووٹ کی اہمیت کی ترغیب اور انتخابی عمل میں شعور و بیداری کے لئے یکسوئی کے ساتھ کام کیا جاسکے

الیکشن کمیشن کا چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں ووٹرز آگاہی ورکشاپس کا انعقاد